Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۱۸	بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ ذی الحجہ سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۵ مئی سنہ ۱۹۳۰ عیسوی

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری ٹھیکہ پان

۵ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

معروضہ رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارۂ منظوری ٹھیکہ پان خاصہ قسم اول فیصدی مبلغ ایک روپیہ چار آنہ و پان خاصہ دوم فیصدی معاوضی چھ آنہ من ابتدا یکم نومبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بنام ٹسی رام و پنیری داس بشرائط سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ پان مصارف تیاری خاصہ حسب صراحت قسم اول و قسم دوم معاوضی ۹ برائے یکسال من ابتدا یکم نومبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بنام پنیری داس و ٹسی رام منظور ہے۔

کاغذات برائے کارروائی واپس ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوکر داخل دفتر ہو — ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ پان

۷ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

معروضہ رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارۂ منظوری

ٹھیکہ پان قسم اول فیصدی چھ آنہ و پان متفرق فیصدی ۵ ر من ابتداء
نومبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت آخر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بنام تلسی رام و چھیدی داس ساکنان الہ آباد

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ پان معارضہ پاندان خانہ عام برائے یکسال من ابتداء یکم نومبر سنہ ۱۹۲۹ء
لغایت آخر اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء بنام تلسی رام و چھیدی داس حسب صراحت ذیل -
قسم اول ۶ ر فیصدی متفرق ۵ ر فیصدی - منظور ہے - کاغذات بغرض کارروائی
واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۹ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۶ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارہ اضافہ تنخواہ منشی
امت نرائن محرر جواہر خانہ تعدادی دو ٹکہ روپیہ ماہانہ -

حکم

امت نرائن محرر جواہر خانہ کی تنخواہ میں دو ٹکہ روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا - احکام ضابطہ
جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۷ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ فائننس سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید
تین ماہ سید مسعود احمد ڈپٹی سکشن دوم بعوض سید مولوی محمد صاحب
من ابتداء یکم مئی سنہ ۱۹۳۰ء -

حکم

بانتظام سلسلہ رخصت سابقہ تین ماہ کی رخصت مزید بموجب رپورٹ بلا عوض دیا جانا
منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۱۷ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

اعلان حلقہ حقوق خیلکاری کاشتکاران مجریہ ۱۸ ر مئی سنہ ۱۹۲۹ء دفعہ ۶ میں جو حق
ہر آسامی کو اپنے کھیت سے قطع درخت کا دیا ہے اور اسکے قطع کی وضاحت و طریقہ قطع روبکار مجریہ
۱۳ ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء میں تجویز کرکے درج گزٹ کرادیا ہے - اس روبکار کے مضمون حرف
(۵) کی یہ عبارت ہے کہ (بنجر قابل زراعت میں جو درخت ہیں وہ سرکاری ہیں - لہذا اگر
بنجر کسی کاشتکار کو کاشت کے لئے دیا جائیگا تو کاشتکار کو سیف ان درختان کے
قطع کرنیکا حق نہ ہوگا - اگر کسی بنجر کو مزروعہ کرانے کے لئے مستاجر یا مالگزار اسکے درخت
قطع کرانا چاہیں گے تو انکو حسب قاعدہ درخواست تحصیل میں پیش کرنا ہوگی -)
اکثر قطع درختان کے ایسے کاغذات ملاحظہ میں گذرے ہیں کہ کاشتکاران رقبہ مزروعہ
بنجر لگانی شامل جوت سے بھی درختان قطع کر لیتے ہیں جبکہ تجویز مرتبکا یہ ہے کہ بنجر قابل زراعت
درختان میں قطع کا حق کاشتکار کو نہیں ہے تو محض رقبہ بنجر کو لگان ادا کرنے پر کاشتکار کو
حق قطع درخت حاصل نہیں ہو سکتا البتہ وہ رقبہ بنجر کی گھاس وغیرہ سے نفع اٹھا سکتا ہے
چونکہ مضمون حرف (۵) روبکار مذکور میں اجمال ہونیکی وجہ سے غلط فہمی ہو رہی ہے اسکے
دفع کے واسطے عبارت حرف مذکور میں بنجر قابل زراعت کے آگے لفظ (لگانی و بلا لگانی)
اور مستاجر یا مالگزار کے آگے (یا آسامی قابض بنجر لگانی) ایزاد کیا جانا تجویز کیا جاتا ہے
اسکے یہ معنی ہونگے کہ آراضی بنجر لگانی میں کاشتکار کو حق قطع درخت حاصل نہیں ہوگا لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ایزادی عبارت جاری ہوں - تحصیلداران صاحبان منشاء حکم سے
ذریعہ گرداوران قانونگویان و پٹواریان دیہات میں کافی طور پر اشاعت کرادیں - اور
ایک نقل درج گزٹ بھی ہو - اور ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپاں ہو -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور مصدقہ حاکم صاحب صدر دربارہ
منظوری رخصت رعایتی اٹھارہ یوم منشی ترجمون ناتھ نائب تحصیلدار
بلاسپور از یوم استفادہ بضرورت روانگی بمقام الہ آباد و بستی بغرض
شرکت شادی -

حکم

ملاحظہ ہوا - اٹھارہ یوم بہت زائد ہیں - لہذا دس یوم کی رخصت رعایتی نائب تحصیلدار کو
یوم استفادہ سے منظور ہے بکام کا انتظام تحصیلدار صاحب بذمہ داری دیگر نائب
تحصیلدار کریں گے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۱۴ ر اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

چھکے لال مدرس مدرسہ احمد نگر کلاں پرگنہ حضور تحصیل کا کام اچھا نہیں ہے اس مدرسے

پانچ طلبا شریک امتحان ہوئے تھے۔ پانچوں فیل ہوئے۔ لہذا نامبردہ کا یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے ایک سال کے لئے ایک روپیہ ماہوار تنزل کیا گیا۔ لہذا حکم ہے کہ
حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء

نبی رضا خان مدرس مڈل اسکول اپنی ملازمت پر یکم مئی ۱۹۳۳ء سے مستقل کیا گیا۔ لہذا
حکم ہے کہ۔ حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء

۱۔ مدرسہ بازار نصراللہ خان میں ایک مدرس انگریزی۔ اور ایک معاون مدرس کے جدید تقرر کی منظوری اجلاس ہمایون سے صادر ہو چکی ہے۔ لہذا ذوالفقار حسین (جنہے امسال ہائی اسکول رامپور سے انٹرنس کا امتحان دیا ہے) عـــہ ماہوار تنخواہ و پراستحاناً برائے چند ماہ مدرسہ مذکور میں مدرس انگریزی۔ اور حبیب سید علیخان ولد عبداللہ خان منشی الہ آباد پاس دس روپیہ ماہوار تنخواہ پر استحاناً برائے چند ماہ مدرسہ مذکور میں معاون مدرس مقرر کئے جاتے ہیں۔

۲۔ مدرسہ بازار نصراللہ خان اسوقت تک مدرسہ فارسی تھا لیکن اب وہ مدرسہ پرائمری کر دیا گیا ہے۔ بطور خاص مدرس اول بدستور سید شجاعت علی رہیگا۔ لہذا
حکم ہے کہ
حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ اپریل ۱۹۳۳ء

چیدالال انگلش ٹیچر مدرسہ ملک کی موجودہ تنخواہ مبلغ عـــہ ماہوار میں یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا حکم ہے کہ
نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۲ اپریل ۱۹۳۳ء

احمد اللہ مدرس مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد بوجہ خرابی کام ۱۱ اپریل ۱۹۳۳ء سے برخاست کیا گیا۔ لہذا حکم ہے کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۲۳ اپریل ۱۹۳۳ء

حسین رضا خان مدرس مدرسہ ساکر تحصیل شاہ آباد کا کام خراب ہے۔ امسال ۵ طلبا جو درجہ ... شریک امتحان ہوئے۔ پانچوں فیل ہیں۔ سال گذشتہ بھی ۳ طلبا شریک امتحان ہوئے تھے فیل ہوئے تھے۔ لہذا نامبردہ کا یکم اپریل ۱۹۳۳ء سے ۸ ماہوار تنزل ایکسال کے لئے کیا جاتا ہے۔
حکم ہے کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

رخصت

۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت اجلاس صاحب ممبر ایگزیکیٹو انجنیر صاحب تعمیرات دربارہ منظوری رخصت ۵۔ ۱۵ یوم منشی ناظم علی اہلمد سب ڈویژن خاص فیض از ۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ

حکم

حسب سفارش ناظم علی اہلمد سب ڈویژن خاص باغ رخصت مزید ۱۵ یوم بوضع تنخواہ بسلسلہ سابق منظور ہے۔ آئندہ رخصت نہیں دیجائیگی۔ برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

حکم اجلاس صاحب جنرل ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ اپریل ۱۹۳۳ء

مثل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی مسعود حسین اہلمد محافظ خانہ صدر مدرشاہ آباد و بذمہ داری صاحبزادہ سید ضیاء اللہ خان بذکر محافظ خانہ۔

حکم

کاغذات سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دس یوم کی رخصت رعایتی کا حق مسعود حسین کو حاصل ہے لہذا دس یوم کی رخصت رعایتی دیجاتی ہے اور بقیہ ۲۰ یوم کی رخصت بدین طور منظور کیجاتی ہے کہ ۲۰ یوم کی تنخواہ بحساب عـــہ ماہانہ دیجائے۔ اور ضیاء اللہ خان ذمہ دار کام کو عـــہ ماہانہ کے حساب سے الاونس کارکردگی ۲۰ یوم کی دیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب جنرل ریونیو سکریٹری بہادر

تصحیح

گزٹ نمبر ۱۸ مطبوعہ ۲۸ اپریل ۱۹۳۳ء کے صفحہ ۴ کالم ۱ سطر ۱۹ میں احمد اللہ خان مدرس مدرسہ کرا تحصیل شاہ آباد کی ملازمت غیر مستقل میں تین ماہ کی توسیع صحیح ہے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ سوم ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰۶ ار ۱۵ ار بچاؤ ۱ ار ۵ ار بیچ		۱۰۶ ار	۵ ار بچاؤ ۱۰ ار بیچ	۱۱۰ ار ۵ ۱۰ ار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵ ۱۰ ار ۶ ار		۱۰۹ ار	۱۰۹ ار	۱۱۰ ار		
نخود کسہ امیز	۱۰۶ ار ۱۰۱۰ ار		۱۱۲ ار	۱۱۱ ار	۱۱ ار		
[illegible]	۱۰۱۱ ار ۱۲ ار		۱۰۱۲ ار	۱۰۱۱ ار	۱۰۱۱ ار		
ماش	۵ ار ۱۰۵ ار ۶ ار		۵ ار	۵ ار	۵ ار		
مونگ	۵ ار ۵ ار		۰	۱۰۴ ار	۰		
مکا	۱۲ ار ۱۰۱۴ ار		۱۵ ار	۱۴ ار	۱۰۱۶ ار		
جنی	۸۱۰ ار		۰	۱۰۱۴ ار	۰		
کودھی	۵۰ ار ۱۰ ار		۰	۱۱ ار	۰		
عدس	۵۰ ار ۹ ار		۹ ار	۱۰ ار	۱۰۹ ار		
ارہر	۸ ار ۵ ار		۸ ار	۰	۸ ار		
برنج	۵ ار ۵ ار		۵ ار	۵ ار ۱۰۵ ار	۱۰۵ ار		
روغن زرد	۲ سیر ار ۲ ار		۰۸ چھٹانک	۲ سیر ار	۰۱۱ ار		
روغن سیاہ	۱۰۶ ار ۲۱ ار		۱۰۶ ار	۱۰۶ ار	۱۰۶ ار		
روغن کنجد	۶ ار ۷ ار		۱۰۱ ار	۷ ار	۶ ار		
نمک سانبھر	۱۰ ار		۱۲ ار	۱۰ ار	۱۱ ار		
نمک لاہوری	۶ ار		۸ ار	۰۰	۰		
قند سیاہ	۱۰۶ ار ۷ ار		۶ ار	۱۰۷ ار	۱۰۵ ار		
باجرہ	۱۰۹ ار		۰	۰	۰		

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور سہ ماہی ہفتہ دوم جنوری لغایت مارچ سنہ ۱۹۳۰ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہنود	عورت مسلمان	عورت ہنود	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل فوتی: ایک سال تک: مرد	عورت	ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک / ۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہنود	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۰	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۸
کوتوالی	۶۰	۲۵	۵۱	۱۲	۱۵۹	۱۲۱	۳۸	۱۵	۱۰	۳	۳	۴۸	۴۲	۶۵	۵۵	۹۵	۲۵	۰	۰	۰	۱۲۰	۰	۰	۰	۱۸۰	
گنج	۶۴	۱۹	۳۳	۵	۱۳۷	۹۷	۲۴	۱۶	۴	۱	۱	۳۹	۳۳	۵۹	۳۸	۸۹	۸	۰	۱	۹۶	۰	۰	۰	۰	۹۶	
حوالی شہر	۳۲	۵۹	۴۲	۴۱	۱۶۱	۶۴	۹۷	۲۵	۱۰	۷	۸	۴۶	۳۷	۶۸	۵۵	۶۳	۷۰	۰	۲	۱۲۷	۰	۰	۰	۰	۱۳۳	
عظیم نگر	۵۹	۵۳	۴۵	۳۵	۱۸۲	۱۰۴	۶۸	۱۹	۱۴	۵	۵	۶۳	۴۱	۸۶	۹۲	۹۰	۵۹	۴	۰	۰	۱۴۳	۰	۱	۰	۱۳۹	
شاہ آباد	۴۵	۱۰۸	۳۹	۱۱۰	۳۰۲	۸۴	۲۱۸	۴۴	۳۱	۱۱	۵	۷۶	۴۵	۱۳۲	۸۱	۵۴	۱۳۹	۰	۱۶	۰	۱۸۴	۰	۴	۰	۲۰۳	
شہزاد نگر	۷۵	۱۲۸	۳۳	۱۱۰	۲۸۶	۴۸	۲۳۸	۳۹	۳۰	۶	۵	۴۸	۳۶	۹۳	۱۱	۱۰۴	۱۳۹	۰	۱۲	۰	۱۵۳	۰	۰	۰	۱۶۵	
ملک	۲۵	۱۳۲	۲۲	۱۱۳	۳۰۲	۴۷	۲۵۹	۴۲	۳۲	۲	۵	۴۳	۳۶	۹۱	۷۳	۲۲	۱۳۲	۰	۰	۰	۱۶۳	۰	۰	۰	۱۲۴	
بلاسپور	۲۹	۲۱	۱۶	۱۰	۶۷	۴۳	۳۱	۱۸	۴	۳	۲	۸۳	۹۶	۱۰۴	۶۶	۹۶	۸۲	۰	۰	۱۶۶	۱	۱	۰	۰	۱۶۹	
کیمری	۱۷	۲۸	۸	۳۲	۸۵	۲۵	۶۰	۳	۳	۵	۱	۲۹	۱۵	۳۷	۱۹	۱۷	۳۹	۰	۰	۵۶	۰	۰	۰	۰	۵۶	
سوار	۴۲	۳۲	۲۴	۲۰	۱۲۱	۹۹	۵۲	۸	۸	۱	۲	۳۸	۴۳	۵۷	۵۳	۷۹	۴۱	۰	۰	۰	۱۱۰	۰	۰	۰	۱۱۰	
ٹانڈہ	۴۲	۴۸	۴۸	۹۵	۲۴۳	۱۵۰	۱۳۳	۳۵	۳۲	۱۲	۱۹	۶۰	۵۶	۱۲۱	۱۰۶	۱۱۲	۱۱	۰	۰	۰	۲۲۶	۰	۲	۰	۲۲۸	
میزان	۴۲۸	۴۹۴	۳۸۵	۵۴۳	۲۰۹۹	۸۹۲	۱۲۳۶	۲۲۶	۱۸۳	۲۵	۵۶	۵۸۳	۴۵۰	۹۱۵	۹۸۹	۶۵۸	۸۱۲	۴	۳۶	۴۵۶	۱۱۰۰	۱	۶	۰	۱۶۰۳	